مسجد اور سکول میں پڑھنے والے بچوں کے لئے

ابتدائی

دینی نصاب

- نماز، کلمے، فرائض، واجبات
- طریقہ نماز باتصویر
- چالیس دعائیں، چالیس احادیث
- اسلامی معلومات
- حاضری نماز چارٹ





مرتب

عبدالوہاب شیرازی

ادارۃ الصدیق

0321-5083475 - 0313-5683475

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔

نام کتاب	ابتدائی دینی نصاب
مرتب	مولانا سید عبدالوہاب شاہ
معاون	مفتی عبیداللہ شاہ شیرازی
کمپوزنگ، ڈیزائننگ	ابومحمد شیرازی
ناشر	ادارۃ الصدیق

Rs. 100

ملنے کا پتہ

کراچی مکتبہ ارسلان اردو بازار 0333-2103655۔☆ مکتبہ عمر فاروق 34594144۔☆ بیت الکتب گلشن اقبال نمبر 2۔ 34975024۔
☆ مکتبۃ القرآن 34856701۔☆ علمی کتاب گھر اردو بازار 32624097۔☆ نور القرآن اردو بازار 0321-9256753۔
☆ اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن۔☆ چلڈرن پبلیکیشن ناظم آباد 021-6623489۔

حیدر آباد بیت القرآن، چھوٹی گٹی 022-3640875۔☆ مکتبہ اصلاح وتبلیغ، مارکیٹ ٹاور 0322-2618612۔

میرپور مکتبہ یوسفیہ گلی نمبر 3 بلدیہ شاپنگ سینٹر 0321-3310080۔ **سکھر**: عزیز کتاب گھر پریاج روڈ 0300-9312148۔

لاہور مکتبہ رحمانیہ غزنی اسٹریٹ اردو بازار 042-37224228۔☆ سید احمد شہید 042-37228496۔ مکتبہ قاسمیہ اردو بازار لاہور۔
☆ کڈز بک انڈر پیٹنل اچھرہ 0322-4190224۔☆ بیت العلوم ناسجد روڈ 042-37352483۔

گوجرانوالہ والی کتاب گھر اردو بازار 055-444613۔☆ مدینہ کتاب گھر 055-4219791۔ کتاب گھر جی ٹی روڈ 0321-6418196۔

راولپنڈی قرآن محل، کمیٹی چوک 0321-5123698۔☆ مکتبہ رشیدیہ: 000000000۔ شمع بک ایجنسی 051-5535939۔

اسلام آباد ☆ مکتبہ شہید اسلام، لال مسجد 0302-2918429۔☆ مکتبہ ریاض مری بائی دے نئی آبادی سٹاپ 0334-5652830۔
☆ سعید بک بینک جناح سپر مارکیٹ 051-2651659۔☆ مسٹر بک سپر مارکیٹ 051-2278845۔

حسن ابدال مکتبہ فاروقیہ 0321-9825540۔ **جہلم**: بک کارنر 0321-5440882۔

ایبٹ آباد مکتبہ اسلامیہ 0992-340112۔ **مانسہرہ**: عثمان دینی کتب خانہ 0097-307583۔

ملتان ادارہ اشاعت الخیر 0300-7301239۔☆ کلاسک بک ڈپو 0333-6100780۔

فیصل آباد اسلامی کتاب گھر چنیوٹ بازار 0321-7693142۔☆ مکتبہ اسلامیہ 0321-6607308۔

رحیم یار خان مکتبہ الامۃ عقب نیو صادق بازار 0321-2647131۔☆ فوجی گنجینہ کتاب 0302-2532390۔

سرگودھا اسلامی کتب خانہ 0322-7137045۔☆ مکتبہ سراجیہ چوک سیلاٹ ٹاؤن۔ مکتبہ عبداللہ 0321-6018171۔

بھاولنگر مکتبہ حکیم الامت: 0321-7560630۔ **بہاولپور**: مکتبہ صفدریہ ماڈل ٹاؤن بی، نزد مدینہ مسجد 0301-7790908۔

بنوں: مکتبہ الاحسان، چونا منڈی گرین پلازہ 0333-9726014۔ **کوہاٹ**: مکتبہ فاروقیہ 0333-9183789۔

پشاور: ممتاز کتب خانہ 091-2580331۔☆ دارالاخلاص محلہ جنگی 091-2567539۔ **مردان**: مکتبہ احرار 0321-9872067۔

آزاد کشمیر النور بک کارنر مکتبہ ختم النبوت میرپور آزاد کشمیر 0331-8857173۔

کوئٹہ: مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ 081-2662263۔☆ مزمل کتب خانہ، آر چ ڈروڈ 0321-8045069۔

ڈیرہ اسماعیل خان: مکتبہ احرار 0966-716552۔☆ اسلامی کتب خانہ 0333-9963709۔

شعبہ نشر واشاعت

ادارۃ الصدیق

Email: sherazi313@gmail.com
0321-5083475
0313-5683475
0322-2984599

Urdubookdownload.wordpress.com

مساجد و مدارس اور اسکول میں پڑھنے والے مسلمان بچوں کا

ابتدائی دینی نصاب

میرا نام: _____ بن _____ ہے۔

میں _____ کلاس میں پڑھتا ہوں۔

میرے سکول کا نام: _____ ہے۔

میرا ایڈریس: _____ ہے۔

عبدالوہاب الحجازی

ادارۃ المدینہ

Urdubookdownload.wordpress.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ نُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

اوّل کلمہ طیبہ کلمہ توحید

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ ؕ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

دوم کلمہ شہادت

اَشۡھَدُ اَنۡ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ
وَاَشۡھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَ رَسُوۡلُہٗ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں
اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

بچے کو اوّل اور دوم کلمہ صحیح تلفظ کے ساتھ یاد کرائیں۔ پہلے استاد بچے کے سامنے کلمے کو ہر ایک بار بچے سے کہلوائے۔ مختصر وقت میں جلد یاد کرانے کے لئے بچوں کا گروپ بنا دیا جائے، سب بچے باری باری ایک دوسرے کو کہلوائیں اور استاد نگران رہے، جہاں اصلاح کی ضرورت ہو اس کی صحیح کر دی جائے۔ جب تک گروپ کے تمام بچوں کو اول کلمہ یاد نہ ہو جائے دوم کلمہ نہ شروع کرائیں، یاد ہونے کے بعد دوم کلمہ شروع کریں اور اول کلمہ کی روزانہ دہرائی کرائیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

نماز حصہ اول

اَللّٰہُ اَکْبَرُ
اللہ سب سے بڑا ہے

ثنا

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ وَ تَبَارَكَ
اے اللہ! ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں اور تیری تعریف کرتے ہیں اور تیرا نام بہت
اسْمُكَ وَ تَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط
برکت والا ہے اور تیری بزرگی بہت برتر ہے اور تیرے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

تعوّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ
میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے

تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سورۃ فاتحہ یا الحمد شریف

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
ہر قسم کی تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے بڑا
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
مہربان نہایت رحم والا ہے۔ روز جزا کا مالک ہے (اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم کو سیدھے راستے پر چلا ایسے لوگوں کے
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
راستے پر جن پر تو نے انعام فرمایا ہے نہ ان کے راستے پر جن پر تیرا غصہ ہوا
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْن
اور نہ گمراہوں کے راستے پر چلا!

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اسلامی معلومات

سورۃ الفاتحہ قرآن مجید کی پہلی سورۃ ہے۔ اس کی کل سات آیات ہیں۔

سوال: آسمانی کتابیں کتنی ہیں۔۔؟
جواب: آسمانی کتابیں چار ہیں۔
سوال: ان کے نام بتائیں۔
جواب: ۱۔ توریت ۲۔ زبور ۳۔ انجیل ۴۔ قرآن

سورہ اخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ

(اے نبی!) کہہ دو کہ وہ (یعنی) اللہ یگانہ ہے اللہ بے نیاز ہے اس سے کوئی پیدا نہیں

وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور کوئی اس کے برابر نہیں

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے

رکوع یعنی جھکنے کی حالت کی تسبیح

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ

پاکی بیان کرتا ہوں میں اپنے پروردگار بزرگ کی

قومہ یعنی رکوع سے اُٹھتے وقت کی تسبیح

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ

اللہ نے (اس کی) سن لی جس نے اس کی تعریف کی

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ

اے ہمارے رب تیرے ہی لئے سب تعریف ہے

سجدہ یعنی زمین پر سر رکھنے کی حالت کی تسبیح

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى

پاکی بیان کرتا ہوں میں اپنے پروردگار برتر کی

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اسلامی معلومات

سورۃ اخلاص تین بار پڑھنے سے پورے ایک قرآن پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

سوال: چار آسمانی کتابیں کن کن پیغمبروں پر نازل ہوئیں۔؟

جواب: ۱۔ تورات: حضرت موسیٰ علیہ السلام پر۔ ۲۔ زبور: حضرت داؤد علیہ السلام پر۔
۳۔ انجیل: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر۔ ۴۔ قرآن: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

نماز کا حصہ اول مکمل ہوا۔

ہدایات برائے اساتذہ

بچوں کو یہاں تک نماز کا طریقہ عملی طور پر کر کے سکھائیں۔ تکبیر تحریمہ کا طریقہ، ہاتھ باندھنے کا طریقہ اور مقام، کھڑے ہونے کا طریقہ، پاؤں کا رُخ کس طرف ہو، نظر کہاں ہو، اور توجہ کس طرف ہو، جماعت کی صورت میں صف بنانے کا طریقہ یہ سب تفصیل کے ساتھ سمجھائیں اور عملی طور پر مشق کرائیں۔ جب تک یہ تمام چیزیں ازبر یاد نہ ہوں مزید سبق نہ دیں۔

تشہد یا اَلتحیات

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَ الطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ
تمام قولی عبادتیں اور تمام فعلی عبادتیں اور تمام مالی عبادتیں اللہ ہی کے لئے ہیں سلام
عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ
ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک
عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ
بندوں پر گواہی دیتا ہوں میں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں میں
لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اسلامی معلومات

سوال: آسمانی کتاب کا کیا مطلب ہے۔۔؟
جواب: یعنی وہ کتاب جس کو اللہ تعالیٰ نے آسمان سے نازل کیا۔
سوال: چاروں آسمانی کتابوں میں سب سے افضل کونسی کتاب ہے۔۔؟
جواب: قرآن مجید۔
سوال: قرآن مجید کتنے عرصے میں نازل ہوا۔
جواب: تقریباً 23 سال میں۔

درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
اے اللہ رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر جیسے کہ رحمت نازل
صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
فرمائی تو نے ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر بیشک تو تعریف کا مستحق بڑی بزرگی
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
والا ہے۔ اے اللہ برکت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر جیسے برکت
اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی
نازل فرمائی تو نے ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر
اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
بیشک تو تعریف کا مستحق بزرگی والا ہے

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اسلامی معلومات

تمام درودوں میں سب سے افضل یہی درود ابراہیمی ہے۔

ایک بار درود شریف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں، دس گناہ معاف ہوتے ہیں، دس درجات بلند ہوتے ہیں۔

جب حضور ﷺ کا نام لیں یا کسی اور سے سنیں تو ایک بار درود شریف پڑھنا واجب ہے۔

سب سے مختصر درود شریف صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

دُرود شریف کے بعد کی دُعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ
اے اللہ ہمیں بھی دنیا میں بھی نعمت عطا فرما اور آخرت میں بھی
حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ
نعمت عطا فرما اور ہمیں جہنم کے عذاب سے محفوظ رکھنا۔

سلام

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ
سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اسلامی معلومات

نماز کے بعد دعا قبول ہوتی ہے۔ دعا صرف اللہ سے مانگنی چاہیے۔ اللہ کے علاوہ کسی اور سے مانگنا منع ہے۔ نماز چھوڑنا سخت گناہ ہے۔ ہمارے پیغمبر حضرت محمد ﷺ نے فرمایا:

جب بچہ سات سال کا ہو جائے تو اسے نماز کا کہو، جب دس سال کا ہو جائے اور نماز نہ پڑھے تو مارو۔

نماز نہ پڑھنے سے قبر میں سخت عذاب ہوتا ہے۔ اور قیامت والے دن بھی سخت عذاب ہوگا۔

مندرجہ بالا باتیں بچوں کو اچھی طرح تفصیل کے ساتھ سمجھا دیں

اساتذہ کرام!

بچوں کو پوری نماز کا طریقہ عملی طور پر صفوں میں کھڑے کر کے سکھائیں۔

بچوں کو بتائیں کہ:

تکبیر تحریمہ کہتے وقت ہاتھوں کو کانوں تک اس طرح اٹھائیں کہ ہتھیلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو۔ پھر ہاتھ ناف کے نیچے باندھیں۔

نظر سجدے والی جگہ پر ہو، پاؤں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو۔

جب جماعت کے ساتھ نماز پڑھ رہے ہوں تو امام کے پیچھے صرف "ثناء" پڑھیں۔

تعوذ، تسمیہ، سورۃ فاتحہ، اور دیگر سورۃ امام خود پڑھے گا۔

جب امام ولا الضالین کہے تو آہستہ امین کہنی چاہیے۔

رکوع میں اتنا جھکیں کہ سر اور پیٹھ برابر ہو جائیں، نظر پاؤں پر ہو۔ رکوع سے فوراً سجدے میں نہ جائیں بلکہ سیدھے کھڑے ہو کر پھر سجدے میں جائیں۔

ایک سجدہ کر کے اطمینان کے ساتھ کچھ دیر بیٹھیں اور پھر دوسرا سجدہ کریں۔ سجدے میں نظر ناک پر ہو۔

تشہد میں اشہد ان لا الہ پر انگوٹھے اور بڑی انگلی کا حلقہ بنا کر شہادت والی انگلی اٹھائیں اور الا اللہ پر نیچے جھکا دیں۔ تشہد میں نظر گود میں ہو۔

دُعائے قنوت

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَ نَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ
الٰہی! ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور
وَ نَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَ نُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ ط وَنَشْکُرُکَ
تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری بہت اچھی تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور
وَ لَا نَکْفُرُکَ وَ نَخْلَعُ وَ نَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ ط
تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی
اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ لَکَ نُصَلِّیْ وَ نَسْجُدُ وَ
کرے۔ الٰہی! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ
اِلَیْکَ نَسْعٰی وَ نَحْفِدُ وَ نَرْجُوْا رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی
کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے ہیں اور جھپٹتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار
عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ ط
ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بیشک تیرا عذاب کافروں کو پہنچنے والا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

حدیث: فرمایا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص وتر نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ تین بار یوں ہی فرمایا۔ لہٰذا وتر نماز کبھی نہ چھوڑو۔

وضو کے چار فرض ہیں۔

1۔ پورا چہرہ دھونا..... 2۔ ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا..... 3۔ چوتھائی سر کا مسح کرنا..... 4۔ دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

ان چار میں سے کوئی چیز رہ گئی تو وضو نہ ہوگا۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

وضو کی تیرہ سنتیں ہیں۔

1۔ نیت کرنا..... 2۔ بسم اللہ پڑھنا..... 3۔ ہر عضو کو تین تین بار دھونا..... 4۔ مسواک کرنا..... 5۔ کلی کرنا..... 6۔ ناک میں پانی ڈالنا..... 7۔ داڑھی کا خلال کرنا..... 8۔ انگلیوں کا خلال کرنا..... 9۔ پورے سر کا مسح کرنا..... 10۔ کانوں کا مسح کرنا..... 11۔ ترتیب سے وضو کرنا..... 12۔ مسلسل وضو کرنا..... 13۔ اعضاء کو ملنا۔ انگوٹھی اور چوڑیاں اگر پہنی ہوں تو ان کو حرکت دینا تاکہ پانی نیچے پہنچ جائے۔

نوٹ: گردن کا مسح مستحب ہے جبکہ کانوں اور سر کا مسح کرنا فرض ہے۔

ان تیرہ سنتوں میں سے کوئی رہ جائے تو وضو تو ہو جائے گا لیکن ثواب کم ملے گا۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

نماز میں چودہ فرائض ہیں۔ (سات نماز سے پہلے اور سات نماز کے اندر)

1۔ بدن کا پاک ہونا..... 2۔ کپڑوں کا پاک ہونا..... 3۔ جگہ کا پاک ہونا..... 4۔ ستر کا چھپانا..... 5۔ وقت کا ہونا..... 6۔ قبلہ کی طرف منہ کرنا..... 7۔ نیت کرنا..... 8۔ تکبیر تحریمہ..... 9۔ قیام (یعنی کھڑے ہو کر نماز پڑھنا)..... 10۔ قرأت (یعنی قرآن کا کچھ حصہ پڑھنا)..... 11۔ رکوع کرنا..... 12۔ دونوں سجدے کرنا..... 13۔ قعدہ اخیرہ (یعنی آخری رکعت میں تشہد کی مقدار بیٹھنا)..... 14۔ اپنے ارادے سے نماز ختم کرنا۔

ان میں سے کوئی چیز رہ گئی تو نماز ہرگز نہ ہوگی، اگرچہ سجدہ سہو بھی کر لیا جائے۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

نماز میں مندرجہ ذیل واجبات ہیں۔

1۔سورۃ فاتحہ کا پڑھنا.....2۔فاتحہ کے ساتھ کسی سورت کا ملانا (یعنی فرض کی پہلی دو رکعتوں میں اور باقی نمازوں کی تمام رکعتوں میں سورۃ پڑھنا).....3۔فاتحہ کو سورۃ سے پہلے پڑھنا.....4۔قرأت کے لئے فرض کی پہلی دو رکعتوں کو متعین کرنا.....5۔جہر اور سر (یعنی امام کیلئے ظہر، عصر میں آہستہ اور فجر، مغرب، عشاء، جمعہ، عیدین اور تراویح میں بلند آواز سے قرأت کرنا.....6۔تعدیل ارکان (یعنی اطمینان سے نماز ادا کرنا).....7۔رکوع کر کے سیدھا کھڑا ہونا.....8۔دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا..... 9۔قعدہ اولیٰ (یعنی چار رکعت والی نماز میں دوسری رکعت کے سجدہ کے بعد تشہد کی مقدار بیٹھنا.....10۔تشہد پڑھنا.....11۔ارکان (فرائض) میں ترتیب قائم رکھنا.....12۔لفظ سلام سے نماز ختم کرنا.....13۔وتر میں دعائے قنوت پڑھنا.....14۔دعائے قنوت سے پہلے تکبیر کہنا.....15۔عیدین میں چھ زائد تکبیریں کہنا۔

ان میں سے کوئی چیز بھول کر رہ جائے تو سجدہ سہو کرنے سے نماز ہو جائے گی

شروع کرنے کی تاریخ _____　　یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اذان و اقامت

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ، اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ، اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ، اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ، حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

فجر کی آذان میں حی الفلاح کے بعد "اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ" دو مرتبہ کہیں۔اقامت بھی آذان ہی کی طرح ہے، صرف حی الفلاح کے بعد "قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ" دو مرتبہ کہیں۔جب آذان شروع ہو تو باتیں بند کر دیں اور آذان کا جواب دیں، آذان کے جواب میں وہی الفاظ کہیں جو مؤذن کہتا ہے، صرف حی الصلوۃ اور حی الفلاح کے جواب میں "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ" کہیں۔اقامت کا جواب بھی آذان کے جواب کی طرح ہے صرف قد قامت الصلوۃ کے جواب میں "اَقَامَھَا اللّٰہُ وَاَدَامَھَا" کہیں۔

وضو اور نماز کا طریقہ



۱۔ قبلہ کی طرف رخ کر کے اونچی جگہ پر بیٹھیں طہارت کی نیت اور بسم اللہ پڑھیں۔ پھر سب سے پہلے دونوں ہاتھوں کو کلائیوں تک تین بار دھوئیں۔



۲۔ پھر تین بار کلی کریں، بہتر یہ ہے کہ مسواک بھی کیا جائے ورنہ انگلی کے ساتھ ہی مسواک کریں۔



۳۔ پھر ناک میں تین بار پانی ڈالیں اور جھاڑیں۔





۴۔ پھر تین بار پورے چہرے کو دھوئیں، ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک اسی طرح پیشانی پر جہاں سے بال شروع ہوتے ہیں وہاں سے لیکر ٹھوڑی کے نیچے تک دھوئیں۔



۵۔ پھر دونوں بازوؤں کو کہنیوں سمیت تین بار دھوئیں۔



۶۔ پھر پورے سر کا مسح اس طرح کریں کہ دونوں ہاتھوں کی چھوٹی، اس کے ساتھ والی اور اس کے ساتھ والی یعنی درمیانی انگلیوں کے سروں کو آپس میں ملا کر پورے سر پر پھیریں جبکہ شہادت کی انگلیاں اور انگوٹھے سر کے ساتھ ٹچ نہ ہوں۔





۷۔ پھر انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے ساتھ کانوں کا مسح اس طرح کریں کہ شہادت کی انگلیاں کانوں کے اندر اور انگوٹھے کانوں کی پشت پر ہوں۔

۸۔ پھر گردن کا مسح اس طرح کریں کہ دونوں ہاتھوں کی چھوٹی، اس کے ساتھ والی اور اس کے ساتھ والی یعنی درمیانی انگلیوں کی پشت کو گردن پر رکھ کر اٹھا دیں۔ حلق کی طرف نہ کھینچیں۔







۹۔ پھر دائیاں پاؤں تین بار اور پھر بائیاں پاؤں تین بار دھوئیں۔

وضو کرنے کے بعد دوسرا کلمہ پڑھیں۔

تیمّم



اگر آپ کسی ایسی جگہ پر ہوں جہاں چاروں طرف ایک میل تک پانی موجود نہ ہو تو پھر تیمم کیا جاتا ہے، تیمم کرنے کا طریقہ یہ ہے:

1۔ سب سے پہلے نیت کریں۔



2۔ پھر پاک مٹی یا پتھر وغیرہ پر دونوں ہاتھ رکھ کر پورے چہرے پر پھیریں۔

3۔ دوبارہ مٹی یا پتھر وغیرہ پر ہاتھ رکھ کر دونوں بازوؤں پر کہنیوں سمیت اس طرح پھیریں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے۔





تصویر نمبر1



تصویر نمبر1: نماز شروع کرتے وقت قبلہ کی طرف رُخ کر کے سیدھے کھڑے ہوں، پاؤں کے درمیان مناسب فاصلہ ہو، پاؤں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو نظریں سجدے کی جگہ پر ہوں۔

تصویر نمبر2




تصویر نمبر2: نماز شروع کرنے اور تکبیر تحریمہ کہنے کے لئے دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اس طرح اٹھائیں کہ انگوٹھے کانوں کی لو کے برابر آجائیں، ہتھیلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو انگلیاں آسمان کی طرف ہوں۔

تصویر نمبر3





تصویر نمبر3: خواتین دونوں ہاتھ کاندھے تک ڈوپٹے کے اندر سے ہی اٹھائیں۔




تصویر نمبر4: تکبیر تحریمہ کہہ کر دونوں ہاتھ ناف کے نیچے اس طرح باندھیں کہ انگوٹھے اور چھوٹی انگلی سے حلقہ بنالیں اور باقی تین انگلیاں بائیں کلائی پر ہوں۔



تصویر نمبر5: خواتین اپنے ہاتھ سینے پر اس طرح رکھیں کہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھیں۔



غلط طریقہ



تصویر نمبر6: رکوع کرتے ہوئے اتنا جھکیں کہ گردن اور پیٹھ ایک سیدھ میں آجائیں، ہاتھوں کو گھٹنوں پر اس طرح رکھیں کہ انگلیاں کھلی ہوئی ہوں۔ نظر پاؤں پر رکھیں۔



تصویر نمبر6



مردوں کا درست طریقہ

عورتوں کا درست طریقہ

تصویر نمبر 7: خواتین مردوں کی طرح زیادہ نہ جھکیں صرف اتنا جھکیں کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں۔



تصویر نمبر7



تصویر نمبر8



سجدے میں جانے کا غلط طریقہ



سجدے میں جانے کا درست طریقہ



تصویر نمبر8: رکوع سے واپس سیدھے کھڑے ہوں۔

تصویر نمبر9



تصویر نمبر9: پھر سجدے میں اس طرح جائیں کہ سینہ بالکل سیدھا ہو، آگے کو جھک کر سجدے میں نہ جائیں۔ پہلے زمین پر گھٹنے لگیں پھر ہاتھ پھر ناک پھر پیشانی۔

تصویر نمبر 10





تصویر نمبر 10: سجدے میں سر دونوں ہاتھوں کے درمیان ہو، ہاتھ کی انگلیاں قبلہ کی طرف ہوں، کہنیاں پہلو سے جدا ہوں، رانیں پیٹ سے جدا ہوں، نظر ناک پر ہو، پاؤں کی انگلیاں زمین پر رکھی ہوئی ہوں اور رُخ قبلہ کی طرف ہو۔

تصویر نمبر 11: خواتین اس طرح سجدہ کریں کہ پیٹ رانوں سے ملا ہوا ہو، بازو پہلو سے ملے ہوئے ہوں، پاؤں دائیں طرف نکال کر لٹا دیں۔



تصویر نمبر 11





تصویر نمبر12: سجدے سے اٹھتے وقت پہلے سر، پھر ناک، پھر ہاتھ اٹھائیں۔ سجدے سے اٹھ کر اطمینان سے بیٹھیں، بائیں پاؤں کو دائیں طرف لٹا دیں اور دائیں پاؤں کو اس طرح کھڑا کریں کہ انگلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف ہو۔




تصویر نمبر13: خواتین اس طرح بیٹھیں کہ دونوں پاؤں دائیں طرف لیٹے ہوئے ہوں۔





تصویر نمبر 14: دوسرے سجدے سے اٹھتے وقت پہلے سر، پھر ناک، پھر ہاتھ، پھر گھٹنے اٹھائیں۔ کھڑا ہونے کے لئے ہاتھ زمین پر نہ رکھیں بلکہ گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر اٹھیں۔



تصویر نمبر 15: تشہد میں جب "اشھد ان لا" پر پہنچیں تو درمیان والی انگلی کو انگوٹھے کے ساتھ ملا کر حلقہ بنالیں، چھوٹی اور اس کے ساتھ والی انگلی کو بند کر دیں، پھر شہادت والی انگلی کو اوپر اٹھائیں اور "الا اللہ" پر پہنچ کر اتنا نیچے کر دیں کہ درمیان والی اور شہادت والی انگلی کا درمیانہ جوڑ برابر ہو جائیں۔





تصویر نمبر16: سلام پھیرتے وقت "السلام" کا لفظ قبلہ کی طرف کہیں اور "علیکم" کہتے وقت دائیں طرف منہ موڑیں، پھر دوبارہ "السلام" کا لفظ قبلہ کی طرف کہیں اور "علیکم" کہتے وقت بائیں طرف منہ موڑیں۔

سلام کے بعد ایک بار بلند آواز سے اللہ اکبر اور تین بار استغفر اللہ کہیں اور پھر آیت الکرسی پڑھیں۔

نام نماز	سنت مؤکدہ	سنت غیر مؤکدہ	فرض	سنت	نفل	واجب	کل رکعت
فجر	2	×	2	×	×	×	4
ظہر	4	×	4	2	مرضی	×	10
عصر	×	4	4	×	×	×	8
مغرب	×	×	3	2	6 اوابین	×	11
عشاء	×	4	4	2	مرضی	3	13
جمعہ	4	×	2	2+4	مرضی	×	12
عیدین	×	×	×	×	×	2	2

نوٹ: بچوں کو تہجد، اشراق، چاشت، اوابین، تحیۃ المسجد، تحیۃ الوضو اور دیگر نوافل کے بارے میں بتائیں۔

دنیا میں جتنے بھی کام ہیں کرنے کے یا نہ کرنے کے یا جتنی بھی چیزیں ہیں، الغرض جو کچھ بھی ہے وہ مندرجہ ذیل اصطلاحات میں سے کسی نہ کسی میں شامل ہے، کوئی بھی چیز ان سے باہر نہیں۔ اس لئے ان کو خوب سمجھ کر یاد کر لیں، اور پھر ہر چیز کے بارے میں علماء سے پوچھیں کہ وہ ان میں سے کس میں شامل ہے۔ مثلاً پانچ نمازیں فرض ہیں، پگڑی پہنا سنت ہے، داڑھی رکھنا واجب ہے، مسجد میں اعتکاف کی نیت کرنا مستحب ہے، شراب حرام ہے، سگریٹ پینا مکروہ ہے، وغیرہ

فرض☆ وہ ہے جس کو ادا کرنا ضروری ہے، اور اس کا انکار کرنے والا کافر ہو جاتا ہے۔ فرض کی دو قسمیں ہیں: 1۔ فرض عین، 2۔ فرض کفایہ۔

فرض عین وہ ہے جو ہر مسلمان پر علیحدہ علیحدہ فرض ہے جیسے نماز، روزہ وغیرہ۔ اور فرض کفایہ وہ ہے جسے چند مسلمان ادا کر لیں تو سب کی طرف سے ادا ہو جاتا ہے جیسے نماز جنازہ۔

شروع کرنے کی تاریخ _____　　یاد ہو جانے کی تاریخ _____

واجب☆ وہ ہے جس کو ادا کرنا ضروری ہے لیکن اس کا انکار کرنے والا کافر نہیں بلکہ گمراہ ہے۔ جیسے نماز وتر۔

شروع کرنے کی تاریخ _____　　یاد ہو جانے کی تاریخ _____

سنت☆ سنت کی دو قسمیں ہیں: 1۔ مؤکدہ، 2۔ غیر مؤکدہ۔ سنت مؤکدہ وہ ہے جسے نبی ﷺ یا صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے ہمیشہ کیا ہو، اسے جان بوجھ کر چھوڑنے والے کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت سے محروم ہونے کا خطرہ ہے۔ مثلاً فجر ظہر کی پہلی اور ظہر مغرب عشاء کی بعد والی دو سنتیں۔ غیر مؤکدہ وہ ہے جسے نبی ﷺ یا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اکثر کیا ہو اور کبھی بغیر عذر کے چھوڑا بھی ہو، مثلاً عصر اور عشاء کی پہلی چار سنتیں۔

شروع کرنے کی تاریخ _____　　یاد ہو جانے کی تاریخ _____

مستحب.....☆ وہ ہے جسے نبی ﷺ یا صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کبھی کیا اور کبھی چھوڑا مستحب عمل کرنے سے ثواب ملتا ہے اور نہ کرنے سے گناہ نہیں ہوتا مثلاً نوافل وغیرہ۔

شروع کرنے کی تاریخ _____　　یاد ہو جانے کی تاریخ _____

حرام☆وہ ہے جس سے بچنا ضروری ہے اور اس کو حلال سمجھنے والا کافر ہو جاتا ہے۔ مثلاً شراب، جھوٹ بولنا۔

شروع کرنے کی تاریخ _____　　یاد ہو جانے کی تاریخ _____

مکروہ☆مکروہ کی دو قسمیں ہیں: 1۔ مکروہ تحریمی، 2۔ مکروہ تنزیہی۔

مکروہ تحریمی وہ ہے جس سے بچنا ضروری ہے لیکن اس کو حلال سمجھنے والا کافر نہیں بلکہ گمراہ ہوتا ہے۔

مکروہ تنزیہی وہ ہے جس کا کرنا بُرا سمجھا جائے اور نہ کرنا بہتر ہو۔ مثلاً نماز کی پہلی رکعت میں ثناء کی بجائے سورہ فاتحہ سے نماز شروع کر دینا۔

شروع کرنے کی تاریخ _____　　یاد ہو جانے کی تاریخ _____

مباح☆وہ ہے جس کے کرنے سے نہ گناہ ہو اور نہ ثواب مثلاً کھانا، پینا، سونا وغیرہ۔

شروع کرنے کی تاریخ _____　　یاد ہو جانے کی تاریخ _____

نوافل

فرائض واجبات اور سنن کے ساتھ ساتھ نوافل کا بھی اہتمام کرنا چاہئے، قیامت والے دن فرائض کی کمی کو نوافل سے پورا کیا جائے گا۔ ویسے تو نوافل کی کوئی حد نہیں ہم جتنی چاہیں نفلی نمازیں، روزے اور مالی صدقے کر سکتے ہیں مگر بعض نوافل کا روایات میں خاص ذکر اور فضیلت مذکور ہے جیسے نمازوں میں اشراق، چاشت، اوابین، صلوۃ تسبیح، تحیۃ الوضوء، تحیۃ المسجد وغیرہ۔ ان میں سب سے افضل تہجد کی نماز ہے۔

اسی طرح روزوں میں ایام بیض، محرم، شوال، عرفہ وغیرہ کے روزے۔

مالی صدقات میں زکوۃ فطرانہ کے علاوہ اچھے کاموں مثلاً مسجد، مدرسہ دینی کاموں کی اشاعت، یتیموں، غریبوں پر بھی مال خرچ کرنا چاہئے۔

سوم کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں اور تمام تعریف اللہ ہی کے لئے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بلند شان اور عظمت والا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

چہارم کلمہ توحید

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسکی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے تمام تعریف ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہمیشہ ہمیش زندہ رہے گا اسے کبھی بھی موت نہیں وہ عظمت اور بزرگی والا ہے۔ بہتری اسی کے ہاتھ میں ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

پنجم کلمہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِيْ اَعْلَمُ وَ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِيْ لَا اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَ سَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے، ہر گناہ سے جو میں نے کیا جان بوجھ کر یا بھول کر در پردہ ہو یا کھلم کھلا اور میں توبہ کرتا ہوں اس کے حضور میں اس گناہ سے جو مجھے معلوم ہے اور اس گناہ سے جو مجھے معلوم نہیں۔ اے اللہ بے شک تو غیبوں کا جاننے والا ہے اور عیبوں کا چھپانے والا ہے اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بلند شان اور عظمت والا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

تمجید کا معنی بزرگی ہے ← یعنی اللہ تعالیٰ بزرگ و برتر ذات ہے، تمام پاکیاں اور تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں۔

توحید کا معنی اکیلا ہے ← یعنی اللہ تعالیٰ ایک ہے اس کے ساتھ ذات یا صفات میں کوئی شریک نہیں، اگر کوئی اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرے تو وہ مشرک ہے، مثلاً خالق، رازق، ناصر یہ اللہ کی صفات ہیں اگر کوئی اللہ کے علاوہ کسی سے اولاد، رزق، یا مدد مانگے وہ مشرک ہے اور مشرک ہمیشہ کیلئے جہنم میں جائے گا۔

استغفار کا معنی توبہ ہے ← توبہ اللہ تعالیٰ سے معافی مانگنا ہے، توبہ سے گناہ معاف ہوتے ہیں، توبہ کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔

ششم کلمہ ردِّ کفر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِہٖ وَ اَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِہٖ تُبْتُ عَنْہُ وَ تَبَرَّاْتُ مِنَ الْکُفْرِ وَالشِّرْکِ وَ الْکِذْبِ وَ الْغِیْبَۃِ وَ الْبِدْعَۃِ وَ النَّمِیْمَۃِ وَ الْفَوَاحِشِ وَالْبُھْتَانِ وَ الْمَعَاصِیْ کُلِّھَا وَ اَسْلَمْتُ وَ اَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؕ

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ کسی چیز کو تیرا شریک بناؤں اور مجھے اس کا علم ہو اور میں معافی مانگتا ہوں تجھ سے (اس گناہ) سے جس کا مجھے علم نہیں میں نے شرک سے توبہ کی اور میں بیزار ہوا کفر اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بے حیائی کے کاموں سے اور تہمت لگانے سے اور (دوسری) ہر قسم کی نافرمانیوں سے اور میں نے فرمانبرداری کے لئے سر جھکا دیا اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

جس طرح غیبت کرنا گناہ ہے اسی طرح غیبت سننا بھی گناہ ہے

بدعت، غیبت، چغلی، جھوٹ، اور تہمت لگانا کبیرہ گناہ ہیں۔

ایمانِ مجمل یہ ہے

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسْمَآئِہٖ وَصِفَاتِہٖ وَقَبِلْتُ

ایمان لایا میں اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور صفتوں کے ساتھ ہے اور

جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِیْقٌ بِالْقَلْبِ

میں نے اس کے تمام احکام قبول کیے، اقرار کیا زبان سے اور تصدیق کی دل سے

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

ایمانِ مفصل یہ ہے

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ

ایمان لایا میں اللہ تعالیٰ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور

الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی

اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اس پر کہ اچھی اور بری تقدیر اللہ تعالیٰ کی

وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ؕ

طرف سے ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر بھی میں ایمان لایا

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اسلامی معلومات

حضرت محمد ﷺ اللہ کے آخری پیغمبر ہیں، آپ ﷺ کے بعد نہ تو کوئی نبی آیا اور نہ ہی قیامت تک کوئی آئے گا۔

عنقریب حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو پہلے اللہ کے نبی تھے، آسمان سے نازل ہوں گے اور حضور ﷺ کے امتی کی حیثیت زندگی گزاریں گے اور دجال کو قتل بھی کریں گے۔ مرزا غلام احمد قادیانی نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا اور وہ اپنے دعوے کے کچھ عرصہ بعد ہی جہنم رسید ہو کر مر گیا تھا۔

اسلامی معلومات

فرشتے اللہ تعالیٰ کی نورانی مخلوق ہیں۔ انہیں نہ تو بھوک لگتی ہے اور نہ ہی پیاس۔ فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ طاقت عطا فرمائی ہے۔ فرشتوں سے گناہ سرزد نہیں ہوتے۔ فرشتوں کے ذمہ مختلف قسم کے کام ہیں۔ کوئی بارش برسانے پر مامور ہے اور کوئی روزی پہنچانے پر۔

چار فرشتے بڑے ہیں۔

۱۔ جبریل ۲۔ میکائیل ۳۔ عزرائیل ۴۔ اسرافیل

جبریل علیہ السلام اللہ کے پیغمبروں کے پاس اللہ کی طرف سے وحی (پیغام) لایا کرتے تھے۔

میکائیل علیہ السلام کے ذمہ بارش برسانا اور لوگوں کو روزی پہنچانا۔

عزرائیل علیہ السلام کو ملک الموت بھی کہتے ہیں۔ ان کے ذمہ لوگوں کی روح نکالنا یعنی موت طاری کرنا ہے۔

اسرافیل علیہ السلام کے ہاتھ میں صور ہے جب اللہ تعالیٰ قیامت قائم کرنا چاہیں گے تو ان کو حکم ہوگا کہ صور پھونکیں، جب حضرت اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے تو زمین آسمان چاند ستارے اور سورج ہر چیز ٹوٹ جائے گی، سارے انسان مرجائیں گے اور قیامت قائم ہو جائے گی۔

بعض فرشتے اللہ کے سامنے سجدے میں پڑے ہوئے ہیں اور بعض رکوع میں ہیں۔ بعض تشہد کی حالت میں بیٹھے ہیں اور بعض قیام کی حالت میں کھڑے ہیں اور قیامت تک اسی طرح ہوں گے۔

بعض فرشتے ہر وقت اللہ کی تسبیح اور تحمید میں معروف ہیں۔

بعض فرشتوں کی تسبیح یہ ہے:

سبحان من زین الرجال باللحی والنساء بالقرون والذوائب

پاک ذات ہے وہ جس نے مردوں کو داڑھی سے اور عورتوں کو چوٹیوں اور مینڈیوں سے زینت بخشی۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

چالیس مسنون دعائیں

مسجد میں داخل ہوتے وقت

(1) اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

مسجد سے نکلتے وقت

(2) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اسلامی معلومات

مسجد میں داخل ہوتے وقت دائیاں پاؤں پہلے مسجد میں رکھیں، اور اعتکاف کی نیت کرلیں۔

مسجد سے نکلتے وقت بائیاں پاؤں پہلے مسجد سے نکالیں، اور جوتے میں دائیاں پاؤں پہلے داخل کریں۔

گھر سے نکلتے وقت

(3) بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۔

میں اللہ ہی کا نام لے کر نکلا میں نے اللہ پر بھروسہ کیا۔ گناہوں سے پھرنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

گھر میں داخل ہوتے وقت

(4) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا

اے اللہ! میں تجھ سے اچھا داخل ہونا اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں۔ ہم اللہ کا نام لے کر داخل ہوئے اور ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا۔

اس کے بعد گھر والوں کو سلام کرے

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

کارآمد معلومات

گھر میں داخل ہوتے وقت اور نکلتے وقت بلند آواز سے "السلام علیکم" کہیں۔

گھر میں داخل ہوتے وقت ایک مرتبہ درود شریف اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنے سے رزق میں برکت ہوتی ہے۔

گھر کے دروازے "بسم اللہ" پڑھ کر بند کریں اللہ تعالیٰ ہر شر سے حفاظت فرمائیں گے۔

جب بازار میں داخل ہوں

5 بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَیْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَیْرَ مَا فِیْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِیْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُصِیْبَ فِیْهَا یَمِیْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً

میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا۔ اے اللہ میں تجھ سے اس بازار کی اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کی خیر طلب کرتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے۔ اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ یہاں جھوٹی قسم کھاؤں یا معاملہ میں خسارہ اٹھاؤں۔

اور پھر چوتھا کلمہ بھی پڑھیں، دس لاکھ نیکیاں، دس لاکھ گناہ معاف، اور دس لاکھ درجے بلند ہوں گے۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

سوتے وقت پڑھنے کی دُعا

6 اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی

اے اللہ! میں تیرا ہی نام لے کر مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔

سوتے وقت آیۃ الکرسی اور یہ بھی پڑھیں: سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ بار

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اضافی معلومات

سونے سے پہلے بستر کو بسم اللہ پڑھ کر جھاڑیں۔
آیت الکرسی پڑھ کر قبلہ کی طرف داہنی کروٹ سوئیں۔
سوتے سوتے بُرا خواب آئے اور ڈر جائیں تو یہ دعا پڑھیں

بُرا خواب دیکھیں تو یہ پڑھیں

(7) أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرُّؤْيَا

میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں شیطان مردود سے اور اس خواب کی بُرائی سے

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

جب سو کر اُٹھیں تو یہ دُعا پڑھے

(8) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَ اِلَيْهِ النُّشُوْرُ

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں موت دے کر زندگی بخشی اور ہم کو اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

کام کی اسلامی معلومات

جب سو کر اٹھیں تو کلمہ پڑھ کر منہ پر ہاتھ پھیریں۔
پھر مسنون دعا پڑھیں۔ کسی برتن وغیرہ میں ہاتھ ڈالنے سے قبل تین مرتبہ ہاتھ دھولیں۔
رات کو جلدی سوئیں اور صبح جلدی اٹھیں۔
فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک ہرگز نہ سوئیں۔ اس سے رزق میں بے برکتی ہوتی ہے۔

باتھ روم میں داخل ہونے سے پہلے

(9) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ ط

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں خبیث جنوں سے مرد ہوں یا عورت

شروع کرنے کی تاریخ _____　　یاد ہو جانے کی تاریخ _____

باتھ روم سے باہر نکل کر یہ پڑھیں

(10) غُفْرَانَکَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ

سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیز دور کی اور مجھے چین دیا

شروع کرنے کی تاریخ _____　　یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اسلامی معلومات

باتھ روم میں داخل ہوتے وقت سر ڈھانپ لیں، پیشاب کرتے وقت قبلہ کی طرف نہ منہ کریں اور نہ ہی پیٹھ۔ پیشاب بیٹھ کر کریں۔ اس دوران باتیں نہ کریں۔ مسنون دعا پڑھنے سے جنات وشیاطین سے حفاظت ہو جاتی ہے۔

جب اذان کی آواز سنیں

تو جو مؤذن کہتا جائے وہی کہے اور حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے جواب میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کہیں

اذان ختم ہونے کے بعد درود پڑھ کر یہ پڑھیں

(11) اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَ الصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ

اے اللہ اس پوری پکار کے رب اور قائم ہونے والی نماز کے رب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو وسیلہ عطا فرما (جو جنت کا ایک درجہ ہے) اور ان کو فضیلت عطا فرما اور ان کو مقام محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا ہے۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

حاجی کو مبارک باد

(12) قَبَّلَ اللّٰهُ حَجَّكَ، وَغَفَرَ ذَنْبَكَ، وَأَخْلَفَ نَفَقَتَكَ

اللہ آپ کا حج قبول فرمائے، اور گناہ معاف فرمائے، اور آپ کے خرچ کا نعم البدل عطاء کرے۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

جب کھانا شروع کریں تو یہ دُعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ میں نے اللہ کے نام اور اللہ کی برکت پر کھانا شروع کیا۔

(13) اگر شروع میں بسم اللہ کہنا بھول گیا تو یاد آنے پر یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ میں نے اس کے اول و آخر میں اللہ کا نام لیا۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

جب کھانا کھا چکے تو یہ پڑھے

(14) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

جب کسی کے ہاں دعوت کھائے تو یہ پڑھے

(15) اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ

اے اللہ جس نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

دودھ پی کر یہ دُعا پڑھیں

(16) اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ ط

اے اللہ تو اس میں ہمیں برکت دے اور یہ ہم کو اور زیادہ نصیب فرما

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

اسلامی معلومات

کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھولیں۔
کھانا زمین پر بیٹھ کر دسترخوان پر کھائیں۔
اپنے سامنے سے دائیں ہاتھ کے ساتھ کھائیں۔
اگر کوئی لقمہ ہاتھ سے گر جائے تو صاف کر کے کھالیں۔
کھانا کھا کر انگلیوں اور پلیٹ کو چاٹ لیں۔

جب کپڑے پہنے تو یہ پڑھے

(17) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا وَ رَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور نصیب کیا بغیر میری کوشش اور قوت کے۔

شروع کرنے کی تاریخ _____ یاد ہو جانے کی تاریخ _____

جب نئے کپڑے پہنے تو یہ پڑھے

(18) اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا كَسَوْتَنِیْهِ اَسْئَلُكَ خَیْرَهٗ وَخَیْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ

